**Roll No.**

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | |

No. of Questions - 15

# SS–22-1–Urdu Sah. I

No. of Printed Pages - 7

SENIOR SECONDARY EXAMINATION 2011

Optional Group I — HUMANITIES

**URDU SAHITYA — First Paper**

Time : $3\frac{1}{4}$ Hours

Maximum Marks : 60

اُمیدواروں کے لئے عام ہدایات :

1. اُمیدوار سب سے پہلے سوالیہ پرچہ پر اپنا رول نمبر ضرور لکھیں۔
2. سبھی سوالات لازمی ہیں۔
3. ہر سوال کا جواب دی گئی جواب کی کاپی میں ہی لکھیں۔
4. سوال نمبر 1 کے چار حصّے (iv،iii،ii،i) ہیں، ہر حصہ کے جواب کے چار متبادل (الف، ب، ج، د) ہیں۔ صحیح جواب کا حرف تہجی جواب کی کاپی میں حسبِ ذیل جدول بنا کر لکھیں۔

| صحیح جواب کا حرف تہجی | سوال نمبر |
|---|---|
| | (i) 1 |
| | (ii) 1 |
| | (iii) 1 |
| | (iv) 1 |

1. (i) کربلا کا ننھا شہید کسے کہا جاتا ہے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) حضرت علی اصغرؓ (ب) حضرت علی اکبرؓ

(ج) حضرت قاسمؓ (د) حضرت امام حسینؓ

(ii) مولانا ابوالکلام آزاد کب اور کہاں پیدا ہوئے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) 1880ء، دہلی (ب) 1882ء، لکھنؤ

(ج) 1888ء، مکّہ معظّمہ (د) 1883ء، حیدرآباد

(iii) سبق ''اردو زبان کی ابتدا'' کے مصنف کون ہیں؟ $\frac{1}{2}$

(الف) سید احتشام حسین (ب) ذاکر حسین

(ج) میر امّن (د) محمّد حسین آزاد

(iv) ''مہالکشمی کا پُل'' کا تعلق کِس صنف سے ہے؟ $\frac{1}{2}$

(الف) ڈرامہ (ب) ناول

(ج) افسانہ (د) داستان

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات مختصراً لکھیے۔

2. ناول ''امراؤ جان ادا'' کس کی سرگذشت ہے؟ 1

3. عصمت چغتائی نے کس کا خاکہ لکھا ہے؟ 1

4. علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے بانی کون تھے؟ 1

5. ''سیر تیسرے درویش کی'' کے مصنّف کون ہیں؟ 1

نوٹ : مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تحریر کیجیے۔

6. ڈرامہ ''انارکلی'' کے دو نسوانی کرداروں کے نام لکھیئے۔ 2

7. مندرجہ ذیل میں سے کنہیں دو کے ایک ایک مترادف لکھیئے : 2

خاک، بیماری، فردوس، حیات۔

8. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیئے : 2

(i) مبالغہ

(ii) ایہام

9. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک کی تعریف مع مثال لکھیئے : 2

(i) فعل ماضی

(ii فعل مجہول

10. مندرجہ ذیل اقتباسات کو غور سے پڑھیئے اور ان اقتباسات پر پوچھے گئے سوالات کے جوابات تحریر کیجئے :

(الف)

پہلے پہل مسلمان سندھ میں آئے، یہ آٹھویں صدی ء کی بات ہے، انہوں نے سندھ پر قبضہ کر لیا مگر اِدھر اُدھر زیادہ پھیل نہ سکے، اس لیئے وہاں جو نئی سندھی زبان بن رہی تھی اس پر ان کا کچھ اثر پڑا، مگر کوئی نئی زبان نہیں بنی، پھر دسویں اور گیارہویں صدی میں مسلمان بڑی تعداد میں درّۂ خیبر کے راستے سے آنے لگے اور سارے پنجاب میں پھیل گئے، قریب قریب دو سو سال تک ان میں اور وہاں کے بسنے والوں میں میل جول رہا۔

سوالات (i) سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کیجئے۔ 4

(ii) سب سے پہلے مسلمان ہندوستان کے کس علاقے میں آئے؟ 1

(iii) بڑی تعداد میں مسلمان کس راستے سے داخل ہوئے؟ 1

(iv) مقامی لوگوں اور مسلمانوں میں کتنے سالوں تک میل جول رہا؟ 1

(ب)

میرا ارادہ تھا کہ ابھی کچھ دن شانتی نکیتن میں ٹھہروں مگر تقدیر کو کچھ اور ہی منظور تھا۔ مجھے یہاں آئے ایک ہفتہ بھی نہیں ہوا تھا کہ پونا سے تار آ گیا کہ گوکھلے کا انتقال ہو گیا۔ سارے شانتی نکیتن پر اداسی چھا گئی، سب لوگ میرے پاس تعزیت کے لئے آئے۔ آشرم کے مندر میں ماتمی جلسہ کیا گیا۔ بڑا دلدوز منظر تھا۔ میں اسی دن اپنی بیوی اور مگن لال کو ساتھ لے کر پونا چلا گیا۔ اور لوگ شانتی نکیتن ہی میں رہے۔

سوالات (i) سیاق وسباق کا حوالہ دیتے ہوئے مندرجہ بالا اقتباس کی تشریح کیجئے۔ 4

(ii) تار کے ذریعہ سے کس کے انتقال کی خبر آئی؟ 1

(iii) ماتمی جلسہ کہاں رکھا گیا؟ 1

(iv) گاندھی جی پونا کس کے ساتھ گئے؟ 1

11. مندرجہ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کی سوانح حیات اور طرز تحریر پر روشنی ڈالیئے: 7

(i) کرشن چندر

(ii) الطاف حسین حالی

(iii) میر امّن

12. مندرجہ ذیل اسباق میں سے کسی ایک کا خلاصہ اپنے الفاظ میں تحریر کیجئے: 8

(i) سیر تیسرے درویش کی

(ii) دوزخی

(iii) کربلا کا ننھا شہید

13. مندرجہ ذیل ہندی اقتباس کا آسان اردو میں ترجمہ کیجئے: 4

14. مندرجہ ذیل اصناف نثر میں سے کسی ایک پر جامع نوٹ لکھیئے: 5

(i) ناول

(ii) افسانہ

(iii) ڈرامہ

15. مندرجہ ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے: 8

(i) پسندیدہ ادیب یا شاعر

(ii) اردو زبان کی پیدائش

(iii) دبستان دہلی

(iv) اخبار بینی کے فوائد